Charter Revision Commission

# ملاقات کا نوٹس
# شہر بھر میں عوامی ان پٹ سیشنز

**اوقات اور مقامات:**

**منگل، 4 مارچ 2025، شام 5:00 تا 8:00 بجے**
Fordham University
McShane Campus Center, Great Hall (3rd Floor)
441 East Fordham Road
Bronx, NY 10458

**بدھ، 9 اپریل 2025، شام 5:00 تا 8:00 بجے**
Staten Island University Hospital North
(ڈاکٹر ریجینا میک گین ایجوکیشن سینٹر کے ذریعے داخل ہوں
475 Seaview Avenue
Staten Island, NY 10305

**بدھ،23 اپریل 2025، شام 5:00 تا شام 8:00 بجے**
New York Law School
185 West Broadway
New York, NY 10013

**ورچوئل لوکیشن:** www.nyc.gov/charter پر پوسٹ کردہ زوم میٹنگ کا لنک دیکھیں۔

**عوامی رائے کے اجلاس کا نوٹس**
نیو یارک سٹی چارٹر ریویژن کمیشن ("CRC") نیویارک سٹی چارٹر میں مجوزہ تبدیلیوں پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے پانچوں بورو میں پبلک ان پٹ سیشنز (عوامی رائے کے اجلاسوں) کی میزبانی کرے گا۔ CRC کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ 4 نومبر 2025 کے عام انتخابات، یا قانون کے مطابق کسی اور نامزد انتخابی تاریخ میں رائے دہندگان کے سامنے پیش کرنے کے لیے چارٹر پر نظرثانی پر غور کرے۔

**یہ عوامی رائے کے اجلاس کس بارے میں ہے؟**
چارٹر شہری حکومت کا ڈھانچہ فراہم کرتا ہے اور شہر کے منتخب عہدیداروں اور ایجنسیوں کے کلیدی اختیارات کا تعین کرتا ہے۔ پورے چارٹر کا جائزہ لینے کے بعد، CRCایسی تبدیلیوں کی سفارش کر سکتا ہے جن کا مقصد سٹی گورنمنٹ کو زیادہ موثر طریقے سے کام کرنے اور نیو یارک کے تمام شہریوں کی بہتر خدمت کرنے میں مدد کرنا ہے۔

عوام کو ماہرین سے سننے، سٹی گورنمنٹ کے لیے اہمیت کے حامل کسی بھی معاملے کی گواہی دینے، اور چارٹر میں تبدیلیاں تجویز کرنے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔ آپ ہماری ویب سائٹ www.nyc.gov/charterپر جا کر نیویارک سٹی چارٹر ریویژن کمیشن کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**کون رائے دے سکتا ہے؟**

**یہ میٹنگیں عوام کے لیے کھلی ہیں، اور عوام کو CRC کے اراکین کے سامنے گواہی (یعنی تحریری یا زبانی بیان) دینے کا موقع ملے گا۔ عوام کا کوئی بھی رکن تین (3) منٹ تک سٹی چارٹر کو بہتر بنانے کے لیے اپنے خیالات کی گواہی دے سکتا ہے۔** سی آر سی ان لوگوں کی گواہی سنے گا جو ذاتی طور پر میٹنگ میں شرکت کرتے ہیں اور ان لوگوں سے جو زوم کے ذریعے شرکت کرتے ہیں۔ CRCان افراد کی گواہی سنے گا جو زوم کے ذریعے شرکت کرنے والوں کی گواہی سننے سے پہلے ذاتی طور پر حاضر ہوتے ہیں۔ ایک گروپ، تنظیم یا ادارہ جو گواہی دینا چاہتا ہے ایک ہی نامزد نمائندے کا انتخاب کرے گا۔ پانچوں میں سے کسی بھی بورو کے نیویارک والے گواہی دے سکتے ہیں۔ CRC اس سماعت میں بولنے کے لیے سائن اپ کرنے والے ہر فرد کو جگہ دینے کی کوشش کرے گا، لیکن اگر وقت تمام گواہیوں کو سننے کی اجازت نہیں دیتا ہے، تو عوام کو گواہی دینے کے دیگر مواقع سے استفادہ کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے، بشمول CRC کے بعد کے عوامی رائے کے اجلاس میں گواہی دینا یاCharterTestimony@citycharter.nyc.gov  پر تحریری گواہی کروا کر - .

**میں تحریری گواہی کیسے پیش کروں؟**

عوام کسی سماعت میں شخصی طور موجود گواہی دینے کے بجائے یا اس کے علاوہ CharterTestimony@citycharter.nyc.govپر تحریری گواہی جمع کرا سکتے ہیں۔

**سماعتیں کب اور کہاں ہیں؟**

دروازے عوام کے لیے کھلے ہیں، اور ہر اجلاس کی رسائی www.nyc.gov/charter پر پوسٹ کیے گئے زوم لنک کے ذریعے درج ذیل تاریخوں، اوقات اور مقامات پر ورچولی (غیر شخصی طور پر بھی) حاصل کی جا سکتی ہے۔

**منگل، 4 مارچ 2025، شام 5:00 تا 8:00 بجے**
Fordham University
McShane Campus Center, Great Hall (3rd Floor)
441 East Fordham Road
Bronx, NY 10458
*اگر بس، سب وے، یا میٹرو نارتھ کے ذریعے پہنچ رہے ہیں، تو ایسٹ فورڈھم روڈ اور تھرڈ ایونیو کے گیٹ سے داخل ہوں۔*
*اگر کار کے ذریعے پہنچ رہے ہو تو، جنوبی بلیوارڈ گیٹ سے داخل ہوں۔*
ہدایات: https://www.fordham.edu/about/maps-and-directions/directions-to-rose-hill/

**بدھ، 9 اپریل 2025، شام 5:00 تا 8:00 بجے**
Staten Island University Hospital North
(ڈاکٹر ریجینا میک گین ایجوکیشن سینٹر کے ذریعے داخل ہوں)
475 Seaview Avenue
Staten Island, NY 10305

**بدھ،23 اپریل 2025، شام 5:00 تا شام 8:00 بجے**

New York Law School
185 West Broadway
New York, NY 10013

عوام اسی وقت www.nyc.gov/charter پر پوسٹ کردہ زوم لنک پر میٹنگ میں شامل ہو سکتے ہیں۔

**اگر مجھے میٹنگ میں مشاہدہ کرنے یا گواہی دینے کے لیے مدد کی ضرورت ہو تو کیا ہوگا؟**

امریکی سائن لینگویج اور ہسپانوی تشریح آن لائن اور سائٹ پر فراہم کی جائے گی۔ جس میٹنگ میں آپ شرکت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اس کے آغاز کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے زبان کی ترجمانی اور/یا دیگر رسائی کی درخواستیں CharterInfo@citycharter.nyc.gov پر ای میل کرکے یا 212-788-0014 پر کال کرکے اور پیغام چھوڑیں۔ تمام درخواستوں کو ممکنہ حد تک ایڈجسٹ کیا جائے گا۔